نیک وجائز کام کے لئے جمع کی گئی رقم پر زکوٰۃ کا حکم

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-3441

تاریخ اجراء: 07رجب المرجّب1446ھ/08جنوری2025ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر ہم نے کسی نیک وجائز کام کے لیے رقم جوڑ کر رکھی ہوئی ہو، تو کیا اس رقم کی زکوٰۃ ہم پر لازم ہو گی؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر قرض اور حاجت اصلیہ سے فارغ ہو کر وہ جمع شدہ رقم تنہا یا دیگر اموالِ زکوٰۃ کے ساتھ مل کر نصاب کے برابر پہنچے، تو دیگر شرائط کی موجودگی میں اس پر بھی زکوٰۃ فرض ہو گی۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:"تجب الزكاة عند تمام الحول الاول كذا في فتح القدير وهكذا في الكافي وكل دين لا مطالب له من جهة العباد كديون الله تعالى من النذور والكفارات وصدقة الفطر ووجوب الحج لا يمنع "ترجمہ: زکوۃ سال پورا گزرنے پر واجب ہو جاتی ہے، فتح القدیر اور کافی میں یونہی لکھا ہے اور ہر وہ دین جس کا مطالبہ لوگوں کی طرف سے نہ ہو، جیسے اللہ عزوجل کے دین مثلاً نذور، کفّارے، صدقہ فطر، حج کا لازم ہونا یہ تمام چیزیں زکوٰۃ کے لیے مانع نہیں۔(الفتاوی الھندیۃ، جلد1، صفحہ173، مطبوعہ پشاور)

فتاوی شامی میں ہے:"اذا امسكه لينفق منه كل ما يحتاجه فحال الحول وقد بقي معه منه نصاب فانه يزكي ذلك الباقي وان كان قصده الانفاق منه ايضا في المستقبل لعدم استحقاق صرفه الى حوائجه الاصلية وقت حولان الحول "ترجمہ: حاجت اصلیہ میں خرچ کرنے کے لیے رقم رکھی، پھر سال پورا ہو گیا، مگر اب بھی رقم بقدرِ نصاب باقی تھی تو باقی کی زکوٰۃ نکالنی ہو گی، اگرچہ اسی نیت سے رکھے ہیں کہ آئندہ حاجت اصلیہ ہی میں صرف ہوں گے، کیونکہ فی الحال سال پورا ہونے پر ان کا حاجتِ اصلیہ میں خرچ کرنے کا استحقاق ثابت نہیں ہوا۔(ردّالمحتار مع الدر المختار، جلد3، صفحہ218، مطبوعہ کوئٹہ)

صدرالشریعہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: ”حاجت اصلیہ میں خرچ کرنے کے روپے رکھے ہیں، تو سال میں جو کچھ خرچ کیا، کیا اور جو باقی رہے واگر بقدرِ نصاب ہیں، تو ان کی زکوٰۃ واجب ہے، اگرچہ اسی نیت سے رکھے ہیں کہ آئندہ حاجت اصلیہ ہی میں صرف ہوں گے اور اگر سال تمام کے وقت حاجت اصلیہ میں خرچ کرنے کی ضرورت ہے، تو زکوٰۃ واجب نہیں۔“ (بہارشریعت، جلد1، حصہ5، صفحہ881، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net